Department of Education
Chancellor Meisha Porter

23 دسمبر، 2021

عزیزی اہلِ خانہ،

میں جب اس مارچ میں چانسلر بنی تھی، اس اسکول نظام کی قیادت کا اعزاز ملنے پر میں بہت متاثر ہوئی تھی جس میں بطور ایک طالب علم کے میں نے فروغ پایا تھا، بطور والدین اپنے بچوں کو جس میں بھیجا، اور اپنے کرئیر میں تمام وقت جس میں خدمات انجام دیں۔ ہم سب سے بڑھ کر اس ملک میں نہ صرف عظیم ترین نظام ہیں، بلکہ ہمارے طلبا، خاندانوں اور معلمین کی بیش بہا تنوع اور عہد بستگی کی وجہ سے سب سے زیادہ غیرمعمولی بھی ہیں۔ خاص طور پر اب میں دیکھ رہی ہوں کہ، شہر بھر میں اہل خانہ اومنی کرون سے برادریوں کو محفوظ رکھنے کے لیے جو کچھ ان کے بس میں ہے کر رہے ہیں۔

پہلے دن سے، ہم نے ستمبر میں ہماری اسکول عمارتوں کو سب کے لیے مکمل طور پر کھولنے کے اہم ہدف کا اشتراک کیا تھا۔ ہوم کمنگ کے اس طویل انتظار نے طلبا کا انکی نئے معاونتی نظاموں اور سماجی اور جذباتی ضروریات سے نمٹنے والے کے ساتھ استقبال کیا تھا، ایک نصاب جو انکے گزرے تجربات کی عکاسی کرتا ہے، اور ٹیکنالوجی جو عالمی وبا کے دوران ہمارے سیکھے گئے اسباق میں مزید پیشرفت کرتی ہے۔

اب جب کے ہم تہواروں کے موسم کی طرف بڑھ رہے ہیں اور میں اس سال کے آخر میں اپنے کردار سے سبکدوش ہورہی ہوں، میں آپکا اتنا کچھ کرنے کے لیے شکریہ ادا کرنا چاہونگی جو آپ نے ہماری ہوم کمنگ اور اس تعلیمی سال کے پہلے مہینوں کو ہمارے اسکولوں میں ہر ایک کے لیے محفوظ بنانے کے لیے کیا ہے۔ یہ غیرمعمولی مشکل وقت ابھی جاری ہے، لیکن آپکی شراکت نے ہمارے طلبا کو جو کلاس روم کی برادری میں واپس آئے ہیں جہاں وہ سب سے بہتر سیکھتے ہیں، پھلنے پھولنے کے قابل بنا دیا ہے۔ ہم نے ملکر جو حاصل کیا ہے میں اس کے لیے جتنا بھی فخرمند یا شکرگزار ہوں کم ہے۔

میرا دل بہت خوش ہوا ہے کہ میرے سابقہ رفیقِ کار اوردوست David Banks اس مشعل کو اب مجھ سے لیکر بطورآپکے نئے چانسلر میری جگہ لیں گے، اور جانتی ہوں کہ وہ اس پیشرفت کو آگے بڑھائیں گے جو ہم نے اپنے طلبا کے لیے کی ہے۔

پچھلے ہفتے میرے اسکولوں کے آخری دورے پر، ایک طالبہ نے مجھ سے کہا، "بطور ایک نوجوان سیاہ فام لڑکی کے میری مدد کرنے پر آپکا شکریہ۔ آپ نے بطور پہلی سیاہ فام اسکول چانسلر کے کامیابی کی ایک عمدہ مثال قائم کی ہے، اور یہ مجھے پہلے سے کہیں زیادہ امید دلاتی ہے۔" میری اس کردار میں جن لوگوں سے ملاقات ہوئی میں انہیں ہمیشہ یاد رکھونگی، اس نوجوان خاتون سے لے کر ہمارے بہترین معلمین اور ہمارے ثابت قدم معاونتی عملے تک جو نیویارک شہر پبلک اسکولوں کو ممکن بناتے ہیں۔

میں اس پر فخرمند ہوں جو ہم نے ملکر اپنے طلبا کے لیے حاصل کیا ہے اور میں پُرامید ہوں کہ اس نوجوان خاتون کی طرح بچے ہمارے قدموں کے نشانات کی پیروی کرنے اور اپنے خوابوں کی تکمیل کرنے میں کامیاب ہونے کے لیے بااختیار ہیں۔

خوشگوار تہواروں کے لیے نیک تمنائیں اور آپ سب کے لیے بہت تشکر!

شراکت میں،

Meisha Porter
نیویارک شہر اسکولز چانسلر